© rasailojaraid.com



جب ہم اسے اپنی طرف سے نعمت دے کر اُبھار دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے علم کی بنا پر دیا گیا ہے! نہیں، بلکہ یہ آزمایش ہے، مگر ان میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں۔ (الزمر ۳۹:۴۹)

## یہ دنیا کی نعمتیں

مقبولِ بارگاہ الٰہی ہونے کی علامت یا دلیل نہیں ہیں،

نہ لازماً اہلیت و قابلیت کی بنیاد پر مل رہی ہیں۔

——— بہ کثرت ایسے نیک آدمی مصائب میں مبتلا ہیں جن کے نیک ہونے سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔

——— بہت سے ایسے بُرے آدمی عیش کر رہے ہیں جن کی قبیح حرکات سے ایک دنیا واقف ہے۔

کیا کوئی صاحبِ عقل آدمی ایک کی مصیبت اور دوسرے کے عیش کو اس بات کی دلیل بنا سکتا ہے کہ اللہ نیک انسانوں کو پسند نہیں کرتا اور بد انسانوں کو وہ پسند کرتا ہے۔

یہاں جو کچھ مل رہا ہے آزمایش اور امتحان کے طور پر مل رہا ہے۔

(ماخوذ: تفہیم القرآن، ج۴، ص ۳۷۸)

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com